# 2325 ـ مسلمان کے ساتھ تعزیت کس طرح کی جائے

**سوال**

ہمارے مسلمان پڑوسی کی والدہ فوت ہو گئی ہے، اور ہم اس کی تعزیت کے لیے جانا چاہتے ہیں، اس سلسلے میں اسلامی تعلیمات کیا ہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جب آپ کسی مسلمان عورت کے قریبی کی وفات پر تعزیت کرنا چاہیں تو اسے کسی بھی اچھی کلام اورعبارت میں صبر و تحمل پر آمادہ کریں اور ابھاریں، اور مخلوق کی حالت ہی یہ ہے انہیں موت لازمی آئےگی اور انہوں نے فنا ہونا ہے.

اور اگر آپ سب سے بہتر اور اچھی عبارت چاہیں جس سے فوت شدہ مسلمان کے عزیز اور قریبی کی تعزیت کی جائے تو اسے یہ کہیں:

" إن لله ما أخذ وله ما أعطى وكلّ شيء عنده بأجل مسمى فاصبري واحتسبي "

اللہ تعالی نے جو لے لیا یقینا وہ اللہ تعالی کا ہی تھا، اور جو اس نے دیا ہے وہ بھی اسی کا ہے، اور ہر چیز کا اس کے پاس وقت مقرر ہے، لھذا آپ صبر کریں اور اجروثواب کی نیت رکھیں.

واللہ اعلم .